Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۱۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۳ شعبان سنہ ۱۳۳۸ھ مطابق ۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء	جلد ۳۲

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۷ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

کاغذات ملاحظہ ہوئے ۔ علاقۂ قدیم مین جو آراضیات واپس آئینگی اُنپر علاقۂ قدیم ریاست کے قانون کا نفاذ ہوگا ۔ اور علاقۂ جدید مین جو آراضیات واپس آئینگی اُنپر علاقۂ جدید کے قانون کا نفاذ ہوگا ۔ کاغذات باجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر واپس ہون ۔

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض میرساند

جناب عالی

بسلسلۂ جانچ تنازعات سرحدی و قائمی سرحدات مستقل صاحب مہتمم بندوبست نے ۵ فروری سنہ ۱۹۲۰ء کی رپورٹ مین تحریر کیا ہی کہ جو آراضیات ریاست کی علاقۂ غیر سے واپس آرہی ہین انہین اکثر آراضی کاشتکاران و دخیلکاری کی ہین وہ لوگ واسطے بحالی کرتے ہین اور قائمی حقوق کے لئے ممکن ہی کہ مقدمات کے ذریعہ سے طوالت پیدا کرین۔ صاحب مہتمم بندوبست نے لکھا ہی کہ مینے اُن لوگون کو اطمینان دیدیا ہی کہ تمہارے حقوق دخیلکاری زائل نہین ہونگے لیکن یہ اطمینان دلانا میرا بلا منظوری بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم پورا اطمینان بخش نہوگا۔ ترقیخواہ نے اسکی بابت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر سے بھی ذریعہ تحریر ۹ فروری سنہ ۱۹۲۰ء رائے دریافت کی تھی۔ صاحب موصوف کی رائے مورخہ ۱۰ فروری سنہ ۱۹۲۰ء منسلک متعلقہ ترقیخواہ ہی کہ جو آراضیات ضلع غیر سے تصحیح ہوکر واپس آرہی ہین انپر قانون ریاست بحالت تعلق علاقہ قدیم نافذ ہوگا۔ علاقہ قدیم مین پائی کاشت کو حق دخیلکاری حاصل نہین ہوتا اور بحالت تعلق علاقہ جدید ایکٹ نمبر ۲ سنہ ۱۹۱۰ء کی پابندی ہوگی لہذا جملہ کاغذات برائے صدور حکم ابلاغ حضور ہین۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُر نور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۱ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

بدرپیشی عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ رخصت رعایتی چہ ماہہ معلومہ مولوی مظفر علیخان افسر مقبرہ جناب عالیہ صاحبہ مرحومہ بنا بر ادائے حج بعطائے تنخواہ پیشگی منظور فرمائی گئی۔

تقرر

۲۱ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

حسب عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔ منشی حبیب الرحمن خان

اسسٹنٹ افسر کارخانہ جات کا تقرر بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار و حافظ محمد علیخان مہتمم سابق فیلخانہ کا بشاہرہ اسّی روپیہ ماہوار منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۲۱ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر۔ رخصت یکماہ جیلر صاحب بوجہ علالت بنا بر تبدیل آب و ہوا بذمہ داری نائب جیلر منظور فرمائی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۷ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر۔ رخصت دو ہفتہ حسب تحریر سارٹیفکٹ اشتیاق حسین خان اہلمد صیغہ دیوانی کی بوجہ علالت بکار کردگی یعقوب خان نقلنویس بذمہ داری پیشکار منظور ہوئی۔

ملخص احکام اجلاس صاحب پرایوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۱ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر صاحب مہتمم خاصہ و صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص۔ سید محبوب علی تحویلدار اجناس خاصہ کا دو روپیہ ماہوار اضافہ اور دو روپیہ الاونس شامل تنخواہ کئے گئے۔

اضافہ

۲۲ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ ذات خاص۔ نذر علیخان ناظر سپرنٹنڈنٹی کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۶ر اپریل لغایۃ ۲ر مئی سنہ ۱۹۲۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۷ بار	۷ بار	۷ بار			حضور تحصیل و سوار و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص		۷ بار	۷ بار	۷ بار			
نخود کسہ آمیز		۸ بار	۷ بار	۸ بار			
کسہ		۔	۹ بار	۸ بار			
ماش		۴ بار	۵ بار	۷ بار			
مونگ		۴ بار	۴ بار	۳ بار			
مکا	۔	۔	۱۱ بار	۱۲ بار			
جئی		۔	۔	۔			
گوجئی	۔	۔	۱۰ بار	۔			
عدس		۷ بار	۸ بار	۸ بار			
ارہر		۷ بار	۸ بار	۸ بار			
برنج		۴ بار	۴ بار	۳ بار			
روغن زرد		۱ بار	۱ بار	۱ بار			
روغن سیاہ		۱ بار		۱ بار			
روغن کنجد		۱ بار	۱ بار	۱ بار			
نمک سانبھر		۹ بار	۱۰ بار	۹ بار			
نمک لاہوری		۷ بار	۶ بار	۔			
قند سیاہ		۴ بار	۵ بار	۔			
باجرہ		۴ بار	۵ بار	۵ بار			